**فوری ریلیز کے لیے:** 2023/15/11 **گورنر *KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL نے تفریح اور تاریخی تحفظ کے پروجیکٹس کے لیے $28 ملین سے زائد رقم کا اعلان کیا ہے***

***علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل اقدام کے راؤنڈ XIII کے ذریعے فنڈنگ کی جائے گی***

***ماحولیاتی تحفظ فنڈ سے 72 پروجیکٹس کی فنڈنگ کی جائے گی؛ تفریحی ٹریلز پروگرام سے 15 پروجیکٹس کی معاونت کی جائے گی***

***REDC کے ایوارڈ یافتگان کی حالیہ فہرست یہاں دیکھی جا سکتی ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل اقدام کے راؤنڈ XIII کے ذریعے نئی تفویضات کی جائیں گی جس میں 72 پروجیکٹس کی معاونت کے لیے ریاستی فنڈ سے چلنے والے ماحولیاتی تحفظ فنڈ کے ذریعے $26.6 ملین اور وفاقی فنڈ شدہ تفریحی ٹریلز پروگرام کی جانب سے 15 پروجیکٹس کے لیے $2.4 ملین ایوارڈ کیے گئے ہیں۔

"ان اقدامات سے ترقی کے لیے نئے بیج بوئے جاتے ہیں، جس کے نتیجے میں ریاست نیو یارک بھر کی کمیونٹیز کو نئی صلاحیتوں کا ادراک کرنے میں مدد ملتی ہے، خواہ اس کا مطلب نئے آنے والوں کو اپنی طرف متوجہ کرنا ہو، اہم مقامات کو مستحکم بنانا ہو یا نئی سرمایہ کاری کرنا ہو،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ترقی، بحالی اور اقتصادی استحکام کے لیے علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسلز پرعزم ہیں۔"

"علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل کے اقدام کا مقصد ہی ایک مضبوط تر ریاست نیو یارک کی تعمیر کرنا ہے،" **لیفٹیننٹ گورنر Antonio Delgado، ریاست گیر علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسلز کے صدر نے کہا۔** "ہم اپنی میونسپلٹیز اور غیر منافع بخش تنظیموں پر انحصار کرتے ہیں تاکہ وہ پارکس اور تاریخی مقامات سمیت ضروریات اور علاقائی ترجیحات کی نشاندہی کرنے کے لیے مل کر کام کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کے پاس اپنے مقاصد تک پہنچنے کے لیے ضروری وسائل موجود ہوں۔ امپائر اسٹیٹ میں 43 کاؤنٹیز کے ان وصول کنندگان کو مبارکباد۔"

ماحولیاتی تحفظاتی فنڈ (Environmental Protection Fund، EPF) کی گرانٹس کے ذریعے 72 پروجیکٹس کی معاونت کی جائے گی جن میں پارک کی بہتری، ثقافتی ورثے کی جگہ کی تزئین و آرائش اور تاریخی تحفظ کے پروجیکٹس شامل ہیں۔ تفریحی ٹریلز پروگرام (Recreational Trails Program، RTP) کے لیے گرانٹس کے ذریعے 15 پروجیکٹس کی معاونت کی جائے گی۔ RTP جو کہ امریکی محکمۂ آمد و رفت کی وفاقی ہائی وے انتظامیہ کے ساتھ ایک امدادی پروگرام ہے۔ ریاست نیو یارک میں، EPF اور RTP دونوں کا انتظام، پارکس، تفریح اور تاریخی تحفظ کے دفتر (Office of Parks, Recreation and Historic Preservation، OPRHP) کی جانب سے کیا جاتا ہے۔

EPF کے گرانٹ پروگرام برائے پارکس، ورثہ اور تحفظ کے ذریعے نیو یارک میں واقع پارکس، تاریخی مقامات، اور ثقافتی ورثے کے مقامات کی حصول یابی، منصوبہ بندی، ترقیاتی کام، اور بہتری کے اقدامات کے لیے مناسب گرانٹس

کے حصول میں معاونت کی جاتی ہے۔ یہ فنڈز ملکیتی مفاد رکھنے والی میونسپلٹیز یا غیر منافع بخش تنظیموں کو تفویض کیے جاتے ہیں۔

RTP گرانٹ پروگرام، موٹرائزڈ اور نان موٹرائزڈ دونوں طریقے سے ٹریلز کے استعمال کے لیے تفریحی ٹریلز اور ٹریل سے متعلقہ سہولت گاہیں تیار کرنے اور ان کی دیکھ بھال کرنے کے لیے مناسب گرانٹس کی معاونت کرتا ہے۔ یہ فنڈز ملکیتی مفاد رکھنے والی میونسپلٹیز یا غیر منافع بخش تنظیموں کو تفویض کیے جاتے ہیں۔

علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل (Regional Economic Development Council، REDC) کے عمل کے ذریعے علاقائی شراکت داروں کی معاونت کی جا رہی ہے اور انہیں بااختیار بنایا جا رہا ہے تاکہ وہ تزویراتی منصوبوں کو تشکیل دیں اور ترجیحات کو فنڈز فراہم کریں جو کہ مقامی اقتصادی ضروریات پوری کرتے ہیں۔ علاقائی کونسلز کی جانب سے اس پروگرام کے پروجیکٹس پر نظرثانی کی گئی ہے اور ایسے اسکورز فراہم کیے گئے جو یہ ظاہر کرتے ہیں کہ کوئی پروجیکٹ کسی علاقے کے اہداف اور حکمتِ عملیوں کے ساتھ کس قدر بخوبی مطابقت رکھتا ہے۔ درخواست کنندگان کی جانب سے نیو یارک کی منظم فنڈنگ کی درخواست استعمال کی گئی ہے، جو کہ ریاستی وسائل کے سلسلے میں ریاست کی واحد درخواست ہے، اور اس میں متعدد ایجنسیوں کے پروگرامز شامل ہیں۔ اسے درجنوں موجودہ پروگراموں کی جانب سے گرانٹ فنڈز اور ٹیکس کریڈٹس کے مشترکہ مجموعے تک تیزتر اور درست سمت میں رسائی کی فراہمی کے لیے ترتیب دیا گیا ہے۔ راؤنڈ XIII کے جو ایوارڈز دیئے جا چکے ہیں ان کی مکمل فہرست یہاں دیکھی جا سکتی ہے۔

**امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "**REDC کی مدد سے ریاست نیو یارک کی تزویراتی سرمایہ کاریوں کو خطوں اور اثاثوں کے بارے میں ان کے گہرے علم کے ذریعے رہنمائی ملتی ہے۔ ان ایوارڈز سے نیو یارک کے تاریخی ورثے والے مقامات کے رہائشیوں اور سیاحوں کے لیے یکساں تجربے میں اضافہ ہو گا اور ہماری بیرونی جگہوں کی خوبصورتی کو فروغ ملے گا۔"

**پارکس، تفریح اور تاریخی تحفظ کے دفتر کے کمشنر Erik Kulleseid نے کہا، "**یہ REDC گرانٹس کا خوش قسمت عدد 13 ہے جو ماحولیاتی اہداف حاصل کرنے، تنوع کا جشن منانے اور ریاست نیو یارک میں اقتصادی قوت کو بہتر بنانے میں مدد کرے گا۔ ہم ان گرانٹس وصول کنندگان کے ساتھ کام کرنے کا خیرمقدم کرتے ہیں تاکہ ان شاندار پروجیکٹس کو حقیقت کا روپ دیا جا سکے۔"

**نمائندہ Brian Higgins نے کہا، "**بفلو سے نیاگرا فالز اور اس کے درمیان کے مقامات تک، گورنر Hochul مغربی نیو یارک کے ثقافتی، تاریخی، تفریحی، اور کمیونٹی میں قائم شدہ مقامات میں سرمایہ کاری کر رہی ہیں۔ ان وعدوں سے علاقائی معیشت اور مغربی نیو یارک کے رہائشیوں، کارکنوں اور سیاحوں کے تجربات کو تقویت ملے گی۔"

**نمائندہ Paul Tonko نے کہا، "**ہم سب کو فاصلے، عقیدے اور وقت کے باوجود باہم جوڑنے میں، ہمارے پارکس، ٹریلز اور تاریخی مقامات اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ میں سراٹوگا اور پورے نیو یارک میں ان پروجیکٹس کی تکمیل دیکھنے کے لیے بہت پُرجوش ہوں۔ میں وفاقی سطح پر ایسے پروجیکٹس میں سرمایہ کاری کرنے کے لیے اپنا کام جاری رکھنے کا منتظر ہوں جو ہماری ریاست کی مضبوطی کا جشن مناتے ہوں، ہماری علاقائی معیشت کو فروغ دیتے ہوں، اور ہماری کمیونٹیز کو ایک دوسرے کے قریب لاتے ہوں۔"

**نمائندہ Pat Ryan نے کہا، "**اپالیشیئن ٹریل کے قدیم ترین حصے سے لے کر ان راستوں تک جن پر صدر Franklin Roosevelt نے ہائیڈ پارک میں چہل قدمی کی تھی، ہڈسن ویلی ہمارے ملک کے چند انتہائی پُرکشش اور قدرتی مقامات کا مسکن ہے۔ آنے والی نسلوں تک کے لیے ہمارے تاریخی مقامات اور قدیم مناظر کو محفوظ رکھنے کی خاطر اس یادگار سرمایہ کاری پر گورنر Hochul کا بہت شکریہ۔"

**فنڈنگ کی یکجا درخواست کے بارے میں**

فنڈنگ کی یکجا درخواست کو گرانٹ کی درخواست کے عمل کو ہموار اور تیز کرنے کے لیے بنایا گیا تھا۔ CFA کا عمل، افسر شاہی کے عمل دخل میں کمی اور استعداد کار میں اضافے کو یقینی بناتے ہوئے ریاستی وسائل کے تعین میں نمایاں بنیادی منتقلی سرانجام دیتا ہے، تاکہ مقامی اقتصادی ترقی کی ضروریات کو پورا کیا جا سکے۔ CFA اقتصادی ترقی کی فنڈنگ تک رسائی کے لیے واحد داخلی مقام کے طور پر کام کرتی ہے، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ درخواست دہندگان کو رابطے کے کسی طریقۂ کار کے بغیر متعدد ایجنسیوں اور ذرائع کو آہستہ آہستہ دیکھنے پرکھنے کی ضرورت نہ پڑے۔ اب، اقتصادی ترقیاتی پروجیکٹس CFA کو ایک درخواست کے ذریعے ریاستی فنڈنگ کے متعدد ذرائع تک رسائی کے لیے معاون طریقۂ کار کے طور پر استعمال کرتے ہیں، جس سے اس عمل کو تیز تر، نسبتاً آسان اور زیادہ نتیجہ خیز بنایا جاتا ہے۔ CFA کے بارے میں مزید یہاں معلوم کریں۔

**علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسلز کے بارے میں**

علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل انیشئیٹو (Regional Economic Development Council initiative) ریاستی سرمایہ کاری اور اقتصادی ترقی کے لیے ریاست کے لائحہ عمل کا ایک اہم جزو ہے۔ سنہ 2011 میں، 10 علاقائی کونسلیں اپنے علاقوں کے لیے اقتصادی ترقی کے لیے طویل مدتی تزویراتی منصوبے تیار کرنے کے لیے قائم کی گئی تھیں۔ کونسلیں سرکاری و نجی شراکت داری ہیں جو مقامی ماہرین اور کاروباری، تعلیمی، مقامی حکومت، اور غیر سرکاری تنظیموں کے حصہ داروں پر مشتمل ہوتی ہیں۔ علاقائی کونسلوں نے کمیونٹی میں قائم شدہ، نچلے درجے کے نقطۂ نظر اور ریاستی وسائل کے لیے مسابقتی عمل کو قائم کرتے ہوئے، ملازمتوں اور اقتصادی ترقی میں نیویارک کے سرمایہ کاری کرنے کے طریقے کو نئے سرے سے متعین کیا ہے۔ regionalcouncils.ny.gov پر مزید جانیں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں